www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | منگل، 15 ستمبر، 2026ء بمطابق 03 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 48 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم کی فیول ریلیف اسکیم سے استفادہ کیسے کیا جائے؟ وزراء نے تفصیلات بتا دیں

تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، اسکیم سے صرف مستحق ہی مستفید ہوسکیں گے، ٹو ویلر، تھری ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائے گا

آپ نے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے سی این آئی سی نمبر بھیجنا ہے، بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن بتانی ہے، اپنے صوبے یا شہر کا بھی بتانا ہے، وفاقی وزراء

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزراء نے وزیراعظم شہباز شریف کی فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ پروگرام 2 حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصے میں رجسٹرڈ ہونا ہے، آپ نے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے سی این آئی سی نمبر بھیجنا ہے، پھر آپ نے اپنی بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن بتانی ہے، آپ کو اپنے صوبے یا شہر کا بھی بتانا ہے، صوبہ آپ نے وہ ڈالنا ہے جس میں آپ کی گاڑی یا بائیک رجسٹرڈ ہے، تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، اسکیم سے صرف مستحق ہی مستفید ہوسکیں گے، ٹو ویلر، تھری ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائے گا، ٹو ویلر کے لیے 20 لٹر پیٹرول پر ریلیف ہے، 800 سی سی تک کے لیے 30 لٹر پیٹرول پر سبسڈی ہے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، کیا اچھا ہوتا وہ ماڈل گورننس کی مثالیں سامنے لے کر آتے، بدقسمتی سے ان کی دھرنوں کی کال کھوکھلی کال ہے، پی ٹی آئی اپنے کسی ایک ماڈل پراجیکٹ کی نشاندہی کر دے، پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا میں ساڑھے 12 سالوں میں صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کیا اقدامات کیے؟، پی ٹی آئی والوں کے کھوکھلے نعروں کی کوئی حیثیت نہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ، علی پرویز ملک اور شزہ فاطمہ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

پی ٹی آئی کے 24 ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کے پاسپورٹس بلاک کرنے کا حکم

پولیس کی جانب سے تھانہ کوہسار کے مقدمہ میں پاسپورٹ بلاک کرنے کی استدعا کی گئی تھی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے پاسپورٹ بلاک کرنے کا فیصلہ جاری کیا

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی، اسد قیصر، شہرام ترکئی، شاہ احد، شیر علی ارباب، محمد اقبال آفریدی، ڈاکٹر امجد علی، جنید اکبر، شاہد خٹک، زبیر وزیر، عمر ایوب، ارشد عمرزئی، زر عالم، میاں عمر، اختر خان، و دیگر کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے پی ٹی آئی کے 24 ایم این ایز اور ایم پی ایز کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے پاسپورٹ بلاک کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا، پولیس کی جانب سے تھانہ کوہسار کے مقدمہ میں پاسپورٹ بلاک کرنے کی استدعا کی گئی تھی۔ عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم جاری کر دیا، ساتھ ہی اسد قیصر، شہرام ترکئی، شاہ احد، شیر علی ارباب، محمد اقبال آفریدی، ڈاکٹر امجد علی، جنید اکبر، شاہد خٹک، زبیر وزیر، عمر ایوب، ارشد عمرزئی، زر عالم، میاں عمر، اختر خان، ہمایوں خان، ریاض خان، عثمان، بابر سلیم سواتی، عرفان سلیم، ایڈووکیٹ علی زمان، عبدالکبیر خان، طفیل انجم، آصف محمود، عجب گل، محمد اور ملک شہاب کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

شہباز شریف سے لبنانی وزیر داخلہ کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کے عزم کا اعادہ

وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیا

ملاقات میں پاکستان اور لبنان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وزیر ہاؤسنگ ریاض حسین پیرزادہ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعظم نے لبنانی وزیر داخلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے دونوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

صدر آصف زرداری نے انڈونیشیا کی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی سے ملاقات کی

غیر جمہوری ہتھکنڈوں سے روکا گیا تو حالات کی ذمہ دار حکومت ہوگی

نعیم الرحمن

وزیراعظم کا نام نہاد پیکیج ناکافی، پٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ، سود ختم کیا جائے، دھرنوں کے تیسویں روز پریس کانفرنس

جماعت اسلامی کی کمیٹی نے حکومت کو جو تجاویز دی ہیں ان پر عملدرآمد کر کے وفاق سینکڑوں ارب بچا سکتا ہے، حافظ نعیم

حکومت بینک مافیا کے منافع میں نقصان نہیں کرنا چاہتی، بہانہ مہنگائی میں اضافہ کا کیا جاتا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ حکومت اسلام آباد مارچ کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کرے گی، البتہ انہوں نے واضح کیا کہ اگر مارچ کی راہ میں غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کیے گئے تو حالات کی ذمہ داری بھی اہل اقتدار پر ہوگی۔ لاہور میں دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعظم کے پٹرول پر نام نہاد ریلیف پیکج کو ایک دفعہ پھر ناکافی قرار دیتے ہوئے پٹرولیم لیوی کے مکمل خاتمہ کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت ملک کے چالیس مقامات پر دھرنے جاری ہیں، احتجاج میں مزید وسعت آئے گی اور بیس ستمبر کو ملک بھر سے قافلے اسلام آباد پہنچیں گے۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیا الدین انصاری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ جماعت اسلامی کی کمیٹی نے حکومت کو جو تجاویز دی ہیں ان پر عملدرآمد کر کے وفاق سینکڑوں ارب بچا سکتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت سود کے مسئلہ پر سٹیٹ بینک کے خودمختار ہونے کا جواز بھی فراہم کرتی ہے، جماعت اسلامی نے سٹیٹ بینک کی خودمختاری کی مخالفت کی تھی، تاہم اب بھی سٹیٹ بینک میں تقرریوں کا اختیار حکومت کے پاس ہی ہے، حکومت بینک کو سود کی شرح میں کمی کا کہہ سکتی ہے، جماعت اسلامی سود کے مکمل خاتمہ کا مطالبہ کرتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ یہ بات سامنے آئی ہے کہ چند آئل ریفائنریز درآمد شدہ اور مقامی ریفائن تیل کی قیمتوں کو یکجا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

صدر مملکت نے انڈونیشین بحریہ کے سربراہ کو نشان امتیاز سے نواز دیا

ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے صدر مملکت سے ملاقات کی، صدر نے انہیں اعلیٰ اعزاز ملنے پر مبارکباد دی

صدر نے دونوں ممالک کی بحری افواج کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے انڈونیشین بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی کو پاکستان اور انڈونیشیا کی بحری افواج کے درمیان تعلقات کے فروغ کے لیے خدمات کے اعتراف میں نشان امتیاز (ملٹری) سے نواز دیا۔ ایوان صدر میں اعزاز دینے کے حوالے سے خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں لبنانی وفد سے ملاقات کی



سندھ میں آئندہ حکومت پی ٹی آئی کی ہوگی، اسد قیصر کا بڑا دعوی

سندھ میں پی ٹی آئی کی تنظیم مضبوط اور منظم ہے جبکہ پارٹی رہنماں اور کارکنوں نے بھرپور محنت کی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی سندھ اور بالخصوص کراچی کی سب سے مقبول جماعت ہے اور آئندہ انتخابات میں سندھ میں حکومت بنائے گی۔ اپنے ویڈیو بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ وہ گزشتہ دو روز .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے لاہور میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر احتجاجی کیمپ میں میڈیا سے گفتگو کی

پنجاب کی وزیراعلی کو عوام نے مسترد کردیا، سہیل آفریدی

پنجاب میرا ہے، میں پنجابیوں کا ہوں، وزیراعلی کے پی سہیل آفریدی کا لاہور میں بڑا اعلان

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے لاہور میں دو مورال پل کے مقام پر کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پولیس ان کے لیے سکیورٹی روٹس نہ لگائے اور ان کے کارکنان کو تنگ نہ کیا جائے۔ سہیل آفریدی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

وزیر داخلہ کا میئر کے ہمراہ مختلف تھانوں کا دورہ، 2 افسر معطل

وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے تھانوں میں روزنامچہ، پولیس نفری اور لاک اپ کا معائنہ کیا

روزنامچہ، پولیس نفری اور لاک اپ کا معائنہ کیا جبکہ زیر حراست ملزمان کی تفصیلات بھی حاصل کیں

کراچی (ویب ڈیسک) صوبائی وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ رات گئے شہر کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا اور پولیس کی کارکردگی کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر داخلہ نے بلدیہ، گلستان جوہر، مبینہ ٹاؤن اور سہراب گوٹھ سمیت ضلع شرقی کے مختلف تھانوں کا دورہ کیا، جس کے بعد ضلع وسطی کے یوسف پلازہ، جوہر آباد اور نارتھ ناظم آباد تھانے بھی پہنچے۔ ضیاء الحسن لنجار نے تھانوں میں روزنامچہ، پولیس نفری اور لاک اپ کا معائنہ کیا جبکہ زیر حراست ملزمان کی تفصیلات بھی حاصل کیں۔ وزیر داخلہ نے قیدیوں کے مسائل بھی سنے اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ سہراب گوٹھ تھانے کے اچانک معائنے کے دوران ہیڈ محرر کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

بحری اصلاحات، پورٹ قاسم کی کارگو ہینڈلنگ 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی

کسٹمز کلیئرنس میں اصلاحات سے فی گڈز ڈیکلریشن آمدنی 68 لاکھ سے بڑھ کر 79 لاکھ روپے ہوگئی

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعظم کی ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پورٹ قاسم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے اور بندرگاہ کی کارگو ہینڈلنگ 45 ملین ٹن سے بڑھ کر 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ پورٹ قاسم پر بحری راستوں میں مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کے لیے مسلسل کھدائی کا عمل بھی جاری ہے، جبکہ بہتر بندرگاہی انتظامات کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

مقدمات کی جلد سماعت کیلئے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا، چیف جسٹس

مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے اور اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا

شریعت اپلیٹ بینچ ہر دو ماہ میں ایک ہفتے کے لیے بیٹھے گا، چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس، جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ مقدمات کی جلد سماعت کیلئے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا، مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے اور اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا۔ فل کورٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے اور اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا چیف جسٹس نے کہا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ ججز 3 ماہ کی چھٹیاں کرتے ہیں، کس نے کہا کہ ججز 3 ماہ کی چھٹی کرتے ہیں؟ ججز 3 ماہ کے عرصے کے اندر ایک ماہ کی چھٹی کرتے ہیں۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ ایک بینچ کے سامنے ایک ہی روز میں 75 مقدمات مقرر ہوئے۔ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

صارفین کا ڈیجیٹل ڈیٹا بڑے پیمانے پر جمع کیے جانے کا انکشاف

کراچی (ویب ڈیسک) ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور سماجی رابطوں کے پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے استعمال کے ساتھ صارفین کے ذاتی ڈیٹا اور رازداری کے تحفظ سے متعلق سنگین سوالات سامنے آگئے۔ مختلف ایپس اور عالمی ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی جانب سے صارفین کی آن لائن اور بعض آف لائن سرگرمیوں سے بڑے پیمانے پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

میر رضا کی مبینہ وائس ایپ چیٹ منظر عام پر آگئی

کراچی (ویب ڈیسک) قتل ہونے والے میر رضا کی ایک سال پرانی مبینہ وائس ایپ چیٹ سامنے آگئی ہے، جس میں انہوں نے اپنے دوست کو بتایا تھا کہ ان کے والد کی جانب سے کیے گئے مبینہ مالی اسکیم کے باعث انہیں ایک ہی دن میں گھر، گاڑی اور زیورات فروخت کرنا پڑے اور ڈیڑھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ تفتیشی ذرائع .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

کراچی پولیس کے ایک ہفتے میں 36 مقابلے، 7 ڈاکو ہلاک

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 37 مختلف اقسام کا غیر قانونی اسلحہ، 2 رکشے اور 17 موٹر سائیکلیں برآمد

ساؤتھ زونز میں مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 813 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ضلعی پولیس کے ڈاکوؤں کے ساتھ 36 مبینہ مقابلے ہوئے، جن میں 7 ملزمان ہلاک اور 28 زخمی ڈاکوؤں سمیت 43 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ کراچی پولیس کے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 37 مختلف اقسام کا غیر قانونی اسلحہ، 2 رکشے اور 17 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔ شہر کے ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ زونز میں مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 813 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

سندھ کے وزیر داخلہ نے سندھ اسمبلی کے احاطے میں صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کی

اسلام آباد انصاف مانگنے آرہے ہیں، گولی نہیں چلنی چاہئے، بیرسٹر گوہر

وزیر اعلیٰ کے پی پرامن اسٹریٹ موومنٹ کریں گے، پنجاب حکومت، رانا ثناء وزیر اعلیٰ کے راستے میں رکاوٹیں نہ ڈالیں، گفتگو

پی ٹی آئی کے کارکن پرامن طریقے سے اسلام آباد آئیں گے، ہم جمہوریت اور ملک بچانے کے لیے نکلے ہیں، چیئرمین تحریک انصاف

بونیر (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ اسلام آباد انصاف مانگنے آرہے ہیں، گولی نہیں چلنی چاہیے، گولی کا وقت اب ختم ہونا چاہیے۔ اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے کارکن پرامن طریقے سے اسلام آباد آئیں گے، ہم جمہوریت اور ملک بچانے کے لیے نکلے ہیں۔ بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی پرامن اور آئین و قانون کے مطابق اسٹریٹ موومنٹ کریں گے، پنجاب حکومت، خاص طور پر رانا ثنا اللہ وزیر اعلیٰ کے راستے میں رکاوٹیں نہ ڈالیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کشیدگی کم کرنے کے لیے مفاہمت اور بہتر اقدامات کی ضرورت ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔ بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ اختلاف رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

مصطفیٰ کمال کا پمز ہسپتال کا دورہ، مکمل کیے گئے کام کا جائزہ

پمز میں مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز ہسپتال میں 200 بستروں پر مشتمل نئی ایمرجنسی کا دورہ کیا اور وہاں جاری تیاریوں اور مکمل کیے گئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اور ہسپتال انتظامیہ نے وفاقی وزیر صحت کو نئی ایمرجنسی کو آپریشنل کرنے کے لیے کیے گئے انتظامات اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر صحت نے نئی ایمرجنسی میں موجود طبی سہولیات، مریضوں کے لیے دستیاب انتظامات اور دیگر ضروری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کثرت رائے سے منظور

اپوزیشن کا احتجاج

جماعت اسلامی کا عدالت جانے کا اعلان، وزیر قانون ضیا الحسن لنجار نے بلدیاتی قوانین میں ترامیم سے متعلق سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ اسمبلی میں پیش کیا

بلدیاتی اختیارات کی بات سب کرتے ہیں سپریم کورٹ کا فیصلہ موجود ہے مگر سندھ حکومت یہ بل پاس کر کے عدالتی فیصلے کی توہین کر رہی ہے، علی خورشیدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ اسمبلی نے بلدیاتی قوانین میں ترامیم کے لیے سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2026ء منظور کر لیا، اپوزیشن نے احتجاجاً بل کی کاپیاں پھاڑ دیں، ایم کیو ایم نے اسے سیاسی آمریت قرار دے دیا، جماعت اسلامی نے بل کی منظوری کے خلاف عدالت جانے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر قانون ضیا الحسن لنجار نے بلدیاتی قوانین میں ترامیم سے متعلق سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2026ء پیش کر دیا۔ بل پیش ہونے پر ایوان ہنگامہ شروع ہو گیا، اپوزیشن ارکان نے شور شرابہ کیا اور بل کی کاپیاں پھاڑ دیں۔ اپوزیشن ارکان ایوان میں نعرے بازی کرتے رہے اسی دوران ووٹنگ ہوئی اور سندھ اسمبلی نے سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2026ء .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں پاکستان اور لبنان کے درمیان سزا یافتہ افراد کی منتقلی کے معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، چنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

قومی اتحاد کے متقاضی معروضی حالات

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا 78واں یوم وفات قومی اور ملی اتحاد و یگانگت کے جذبے کے ساتھ عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ اس موقع پر آج سرکاری اور نجی سطح پر مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی جانب سے یوم قائداعظم کے حوالے سے آج خصوصی ایڈیشنز اور پروگرامز کا اہتمام کیا گیا ہے۔ بانی پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے آج دن کا آغاز کراچی میں مزار قائد پر گارڈ کی تبدیلی سے ہوگا۔ اس موقع پر پاک فوج کا ایک چاق و چوبند دستہ سلامی پیش کرے گا۔ قائداعظم کی روح کو ایصال ثواب کے لیے بھی آج خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ملک کی بقا و سلامتی اور ترقی و خوشحالی کے لئے بھی دعائیں مانگی جائیں گی۔ قیام پاکستان کے صرف ایک سال ایک ماہ بعد جب نوزائیدہ مملکت خداداد اپنے پاؤں پر کھڑی ہونے کے لیے کوشاں تھی، بانی پاکستان کی وفات حسرت آیات کا سانحہ پیش آ گیا۔ یہ ایک ایسا قومی المیہ ہے جس کے اثرات آج تک محسوس کیے جا رہے ہیں کیونکہ قیام پاکستان کے بعد قوم کو درپیش سنگین مسائل کے حل اور اندرونی و بیرونی سازشوں سے نمٹنے کے لیے قائداعظم کی رہنمائی کی اشد ضرورت تھی اور مہاجرین کے جم غفیر، بھارت کی اثاثوں کی تقسیم میں ریشہ دوانیوں اور باؤنڈری کمیشن کے متعصبانہ و غیر منصفانہ فیصلوں پر نتیجہ خیز بات نہ ہو پائی جس کے نتیجے میں کشمیر کے ہولناک تنازعہ نے جنم لیا اور گورداسپور سمیت پنجاب کے متعدد علاقے پاکستان کا حصہ نہ بن سکے۔ اسی طرح ملکی آئین کی تدوین اور ملک کی مختلف اکائیوں کے مابین بنیادی معاملات پر اتفاق رائے کے حصول میں جو تاخیر ہوئی، وہ قائد کی وفات کی وجہ سے مزید الجھ گئے۔ قائداعظم کی زندگی میں نہ تو اسٹیبلشمنٹ کو جمہوری اداروں اور سیاسی نظام میں دخل اندازی کا موقع ملتا اور نہ ملک کے مختلف سیاسی و مذہبی طبقات اور جغرافیائی اکائیوں میں اختلاف کی خلیج گہری ہوتی کیونکہ قوم کے بھرپور اعتماد، احترام اور عقیدت کے علاوہ اپنی خداداد بصیرت کی وجہ سے قائد نہ صرف اتحاد و یکجہتی کی علامت تھے بلکہ لاینحل مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت سے بھی مالا مال تھے۔

ایران سلامتی کونسل میں، مشکلات کے لیے تیار رہیں

اکرم چوہدری

مشرق وسطی میں

چوہدری اکرم

سوشل میڈیا

طارق جمیل

غیر قانونی کنکشنز کیخلاف مہم تیز: سوئی سدرن گیس کمپنی کی گھارو میں گیس چوری کیخلاف کاروائی

متاثرہ لائنوں کو درست کر کے جائز صارفین کے لیے گیس کا پریشر برقرار رکھنے اور بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) سوئی سدرن گیس کمپنی گھارو کی ٹیم نے ایس جی سی گھارو کے سب زونل منیجر اقبال احمد کھرنانی کی نگرانی میں سوئی گیس کی چوری اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف مہم تیز کرتے ہوئے گھارو کے کئی علاقوں میں گیس چوری کی نشاندہی کر کے اس کے خلاف فوری کارروائی کی۔ تمام شناخت شدہ کیسز کو سوئی سدرن گیس کمپنی کے ضوابط کے مطابق حل کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ایس جی سی گھارو کے سب زونل منیجر اقبال احمد کھرنانی نے بتایا کہ سوئی گیس چوری کے خلاف آپریشن کے ساتھ ٹیم گیس کی تقسیم کے نیٹ ورک کی سخت نگرانی بھی کر رہی ہے۔ متاثرہ لائنوں کو درست کر کے جائز صارفین کے لیے گیس کا پریشر برقرار رکھنے اور بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم خاص طور پر ان علاقوں کی نگرانی کر رہی ہے جہاں گیس چوری کی وجہ سے پریشر کم ہے۔ تکنیکی طور پر ان مسائل کو حل کر کے جائز صارفین کے لیے مستحکم اور قابل اعتماد گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اقبال احمد کھرنانی نے کہا کہ گھارو ٹیم کا عزم ہے کہ گھارو کو سوئی گیس چوری سے پاک ایک ماڈل ٹاؤن بنایا جائے۔ مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ اور عوام کے تعاون سے گیس کے پریشر میں بہتری، صارفین کا اطمینان اور بلا تعطل گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

حیسکو کی بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف کارروائیاں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن ہالی روڈ، علامہ اقبال، ٹنڈو الہ یار 1-، شہباز، ٹنڈو محمد خان 2-، مکلی، نواب شاہ 2-، آپریشن کھپرو، ڈگری، جھڈو اور عمرکوٹ کے سب ڈویژن میں کارروائیاں کی گئیں۔

شکارپور میں دودھ فروش سے موٹر سائیکل چھین لی گئی

شکارپور (بیورو رپورٹ) شکارپور میں شہریوں ...

واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے ملازمین نے حیدرآباد پریس کلب پر تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج کیا

پروفیسر ستار سروہی سپلا یونٹ بوائز ڈگری کالج کے صدر منتخب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) نامور ادیب اور استاد پروفیسر ستار سروہی سپلا یونٹ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پریٹ آباد حیدرآباد کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے، جبکہ ان کے پینل میں نائب صدر پروفیسر طفیل محمد غوری، یونٹ سیکریٹری پروفیسر اسرار قریشی، جوائنٹ سیکریٹری پروفیسر نازیہ جلال، فنانس ...

حیدرآباد کے مسافر مون سون کی بارش کے دوران سڑکوں پر سفر کرتے ہیں

ڈگری پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائی، دو ملزمان گرفتار

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے مہنگائی کا طوفان

سانگھڑ (نامہ نگار) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روز بروز اضافے کے باعث ملک بھر میں مہنگائی کی نئی لہر پیدا ہو گئی ہے، جبکہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر عام آدمی کی زندگی پر پڑتا ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ سبزی، پھل، آٹا، دالیں، گھی، چینی، دودھ، گوشت اور دیگر اشیائے ضروریہ بھی مہنگی ہو جاتی ہیں، جس کے باعث محدود آمدنی والے خاندانوں کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کے دعوے تو کیے جاتے ہیں، تاہم عملی طور پر صورتحال اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانے اضافے نے عوام کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں نے حکومت کی عوام دشمن مہنگائی کی پالیسیوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ عام آدمی پہلے ہی بجلی، گیس، پیٹرول، ادویات، تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات کے بڑھتے ہوئے اخراجات کا بوجھ برداشت کر رہا ہے، ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے۔

سر سبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سر سبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی میگھر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) ...

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب



انٹرمیڈیٹ بارہویں کامرس ریگولر اور پرائیویٹ کے نتائج کا اعلان

پہلی تینوں پوزیشنیں تابانیز کالج نارتھ ناظم آباد کیمپس کی طالبات نے حاصل کیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے انٹرمیڈیٹ بارہویں جماعت کامرس ریگولر اور کامرس پرائیویٹ گروپس کے سالانہ امتحانات برائے 2026ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین انٹر بورڈ کراچی فقیر محمد لاکھو نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ رواں سال کامرس ریگولر گروپ کے امتحانات میں پہلی تینوں پوزیشنیں تابانیز کالج نارتھ ناظم آباد کیمپس کی طالبات نے حاصل کی ہیں جو تابانیز کالج کے معیاری تدریسی نظام، اساتذہ اور طلبہ کی محنت کا واضح ثبوت ہے۔ چیئرمین انٹر بورڈ نے بتایا کہ کامرس ریگولر گروپ کے امتحانات میں پہلی پوزیشن تابانیز کالج نارتھ ناظم آباد کیمپس کی طالبہ آمنہ بنت محمد عارف رول نمبر 119179 نے ٹوٹل 1100 میں سے 993 نمبر زائے ون گریڈ کے ساتھ حاصل کی۔ دوسری پوزیشن اسی کالج کی طالبہ مناہل ندیم بنت ندیم الحسن صدیقی رول نمبر 119180 نے 983 نمبر زائے ون گریڈ کے ساتھ جبکہ تیسری پوزیشن بھی اسی کالج کی طالبہ شفا عامر بنت عامر حبیب صدیقی رول نمبر 119178 نے 969 نمبر زائے ون گریڈ کے ساتھ حاصل کی۔ چیئرمین بورڈ فقیر محمد لاکھو نے بتایا کہ کامرس پرائیویٹ گروپ کے امتحانات میں پہلی پوزیشن عریشہ ایاز بنت ایاز اختر عطاری رول نمبر 422034 نے ٹوٹل 1100 میں سے 914 نمبر زائے ون گریڈ کے ساتھ حاصل کی، دوسری پوزیشن حفصہ بنت محمد عامر حنیف رول نمبر 421910 نے 901 نمبر زائے ون گریڈ کے ساتھ جبکہ تیسری پوزیشن انوشہ بنت محمد صلاح الدین رول نمبر 422030 نے 874 نمبر زائے گریڈ کے ساتھ حاصل کی۔ ناظم امتحانات زرینہ راشد نے نتائج کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ کامرس ریگولر گروپ کے امتحانات میں 26 ہزار 432 امیدواروں نے رجسٹریشن حاصل کی، 25 ہزار 528 امیدوار امتحانات میں شریک ہوئے جس میں سے 14 ہزار 132 امیدوار کامیاب قرار پائے اس طرح کامیابی کا تناسب 55.36 فیصد رہا۔ انہوں نے بتایا کہ کامرس ریگولر گروپ میں 235 امیدوار اے ون گریڈ، 1302 اے گریڈ، 2942 بی گریڈ، 4993 سی گریڈ، 4291 ڈی گریڈ اور 369 ای گریڈ میں کامیاب قرار پائے۔ ناظم امتحانات زرینہ راشد نے بتایا کہ کامرس پرائیویٹ گروپ کے امتحانات میں 1815 امیدواروں نے رجسٹریشن حاصل کی، 1699 امیدوار امتحانات میں شریک ہوئے جس میں سے 787 امیدوار کامیاب قرار پائے اس طرح کامیابی کا تناسب 46.32 فیصد رہا۔ انہوں نے بتایا کہ کامرس پرائیویٹ گروپ میں دو امیدوار اے ون گریڈ، 52 اے گریڈ، 166 بی گریڈ، 270 سی گریڈ، 270 ڈی گریڈ، 26 ای گریڈ میں کامیاب ہوئے جبکہ ایک امیدوار پاس قرار پایا، نتائج بورڈ کی ویب سائٹ www.biek.edu.pk پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں۔ امیدوار اپنے نتائج اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کی آفیشل اینڈرائیڈ ایپ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔ اینڈرائیڈ ایپ کو گوگل پلے اسٹور پر BIEK کے نام سے سرچ کر کے موبائل میں انسٹال کیا جا سکتا ہے۔

کراچی کے میئر بیرسٹر مرتضی وہاب نے کلفٹن میں ہائپر اسٹار بیچ ویو پر اسمارٹ پارکنگ سسٹم کا افتتاح کیا

کراچی میں انسدادِ تجاوزات کارروائیاں، 9 ہوٹل اور فوڈ پوائنٹس سیل

فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں سے تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی ہدایت پر مختلف اضلاع میں اسسٹنٹ کمشنرز کی نگرانی میں کارروائیاں کی جا رہی ہیں، جن کے دوران 9 ہوٹلوں اور فوڈ پوائنٹس کو سیل جبکہ تین ہٹی پر قائم تمام غیر قانونی فلاور اسٹالز اور دکانوں کا خاتمہ کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر شرقی نصر اللہ عباسی نے کمشنر کراچی کو پیش کی گئی رپورٹ میں بتایا کہ اسسٹنٹ کمشنر فیروز آباد جویریہ اشرف کی نگرانی میں مختلف مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے 9 ہوٹلوں اور فوڈ پوائنٹس کو تجاوزات کی خلاف ورزی پر سیل کر دیا گیا۔ کمشنر کراچی آفس کے مطابق سیل کیے جانے والے کاروباری مراکز میں کوئٹہ عالمگیر ہوٹل کی چار شاخیں، زمیر انصاری کباب، روشلہ فوڈ کورٹ، مبین کباب ہاؤس، عالمگیر بی بی کیو اینڈ رول پوائنٹ اور سٹی برگر شامل ہیں۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر وسطی طٰہٰ سلیم کی رپورٹ کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر لیاقت آباد نے تین ہٹی کے علاقے میں غیر قانونی طور پر قائم فلاور اسٹالز اور دکانوں کے خلاف کارروائی کی۔ انتظامیہ نے تمام غیر قانونی فلاور اسٹالز اور شاپس ختم کر کے وہاں قائم تجاوزات کا خاتمہ کر دیا۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ اپنے اپنے اضلاع میں سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھی جائیں اور شہریوں کیلئے آمدورفت میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کو فوری ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے باعث شہر میں ٹریفک کا دباؤ بڑھ رہا ہے اور شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے متعلقہ افسران تجاوزات کے خلاف کارروائیوں میں تسلسل برقرار رکھیں اور سرکاری و عوامی مقامات کو تجاوزات سے پاک رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔

سینٹرل جیل حیدرآباد میں الخدمت واٹر فلٹریشن پلانٹس کا افتتاح

میڈیکل پروفیشنلز نے کراچی کے ایم سی اسپنسر آئی ہسپتال میں موتیا کے آپریشنز کا آغاز کر دیا

بقیہ نمبر 1

اوران کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فائرنگ کے تبادلے میں 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کر دیے۔ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران 4 اہلکار زخمی بھی ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ نمبر 2

مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق معاملات سامنے آئے ہیں، جن کی فوری تحقیقات ضروری ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی وسائل سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے تاکہ کراچی کے شہریوں کے لیے مختص فنڈز درست طریقے سے استعمال ہوں اور ترقیاتی منصوبوں کے مطلوبہ نتائج حاصل ہوسکیں۔ایم کیو ایم رہنما نے خط میں نشاندہی کی کہ مالی سال 2026-27ء کے دوران تقریباً 65 ترقیاتی اسکیموں کے لیے 15 سے 16 ارب روپے مالیت کے ٹینڈرز کیے جانے ہیں، اس لیے ان منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ٹھیکوں کی منظوری میں مبینہ مداخلت اور مخصوص ٹھیکیداروں کو ترجیح دینے سے متعلق شکایات کی بھی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ دار عناصر کا تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔طحہٰ احمد خان نے وزیراعلیٰ سندھ پر زور دیا کہ کے ایم سی کی تمام جاری اور آئندہ ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے نگرانی کا مؤثر نظام قائم کیا جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ منصوبوں کی منظوری، ٹینڈرنگ اور ٹھیکوں کی الاٹمنٹ میں کسی قسم کی جانبداری یا مداخلت نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہریوں کے لیے مختص عوامی وسائل کا تحفظ صوبائی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جبکہ ترقیاتی عمل میں شفافیت نہ صرف قومی خزانے کے تحفظ بلکہ شہریوں کے اعتماد کے لیے بھی ضروری ہے۔ایم کیو ایم رہنما نے وزیراعلیٰ سندھ سے مطالبہ کیا کہ وہ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے کے ایم سی کی ترقیاتی اسکیموں میں سامنے آنے والی مبینہ بے ضابطگیوں کی مکمل تحقیقات کرائیں اور آئندہ ترقیاتی منصوبوں میں قانون، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 3

متعلق تحقیقات کا دائرہ وسیع ہونے کی اطلاعات ہیں۔تحقیقات سے باخبر ایک افسر کے مطابق مختلف شکایات، سرکاری ریکارڈ اور موصول ہونے والی معلومات کی بنیاد پر متعدد سیاسی شخصیات، بلڈرز، ڈویلپرز، سرکاری افسران اور دیگر متعلقہ افراد کے معاملات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ذرائع کے مطابق بعض شکایات اور رپورٹس قومی احتساب بیورو، وفاقی تحقیقاتی ادارے، اینٹی کرپشن اور دیگر تحقیقاتی اداروں تک پہنچائی گئی ہیں، جبکہ بعض معاملات سے متعلق رپورٹس عدالتوں کے سامنے بھی پیش کیے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 4

تھانے لے جاکر تھانہ پولیس کے حوالے کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 5

فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کی بالادستی ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عدالت نے واضح کر دیا کہ سیاسی سرگرمی اور احتجاج کے نام پر ریاستی مشینری کے استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی، احتجاج کے نام پر شہریوں کے معمولات زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پی ٹی آئی کی سیاست کا محور آج بھی احتجاج، دھرنے، مارچ اور سڑکوں کی سیاست ہے۔

بقیہ نمبر 6

کہ وہ گزشتہ دو روز سے کراچی میں موجود ہیں، اس دوران پارٹی کے صوبائی و تنظیمی عہدیداروں اور ارکان سندھ اسمبلی سے ملاقاتیں ہوئیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ میں پی ٹی آئی کی تنظیم مضبوط اور منظم ہے جبکہ پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے بھرپور محنت کی ہے۔انہیں اس بات پر خوشی ہوئی کہ سندھ میں پی ٹی آئی کے وزیراعلیٰ کا عوام نے بھرپور استقبال کیا اور محبت کا اظہار کیا۔سندھ کے عوام کی جانب سے ملنے والی پذیرائی اس بات کا ثبوت ہے کہ پی ٹی آئی صوبے میں مضبوط ہو رہی ہے۔کراچی سے تحریک اٹھتی ہے تو وہ پورے پاکستان میں پھیل جاتی ہے، سندھ خصوصاً کراچی میں پی ٹی آئی کے پاس بڑا پوٹینشل موجود ہے۔آئندہ عوامی تحریک چلائی جائے گی، اس میں سندھ اور بالخصوص کراچی کا اہم کردار ہوگا۔

بقیہ نمبر 7

مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا۔

بقیہ نمبر 8

پر انتہائی دکھ ہے، میاں محمود الرشید ان رہنماؤں میں ہیں جو بات چیت اور ڈائیلاگ کی حمایت کرتے ہیں ان کی اپیلیں اور بیانات ریکارڈ پر ہیں اگر ہر معتدل رہنما سے یہ سلوک ہوگا تو پھر سوائے لڑائی جھگڑے کے کیا رہ جاتا ہے؟ افسوس بہت افسوس اسلامی رابطے کی ویب سائٹ کیس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا عدالتی فیصلے ملک میں جاری سیاسی اشتعال میں اضافہ کریں گے، احتجاج فیصلوں سے نہیں بات چیت سے حل ہوتے ہیں۔پانچ سال میں انتقامی فیصلوں سے ملک کی وحدت، سیاست، آئین اور معیشت کو منتشر کر دیا ہے اور اب دیکھنا ہے، 60 فیصد ملک مکمل انارکی کی صورتحال سے دو چار ہے اور اس پر بھی اطمینان نہیں آ رہا اس انتشار کو اور بڑھایا جا رہا ہے۔۔یہ کیا حکمت عملی ہے؟

بقیہ نمبر 9

سے تعلق رکھنے والے نمائندگان پارلیمانی امور، جمہوری نظام، قانون سازی، پارلیمانی طریقہ کار اور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔کانفرنس کا مقصد رکن ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان روابط کو فروغ دینے اور پارلیمانی تجربات کے تبادلے کیلئے مواقع فراہم کرنا ہے۔اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ کی سربراہی میں سندھ اسمبلی کے وفد میں اراکین صوبائی اسمبلی عادل الطاف، انیلہ، جام شبیر علی خان، بلخیش کمار، محمد یوسف بلوچ، خرم کریم سومرو، سید اعجاز شاہ اور تنزیلہ ام حبیبہ شامل ہیں۔سیکریٹری سندھ اسمبلی جی ایم عمر فاروق اور ڈائریکٹر جنرل میڈیا عرفان احمد میمن بھی وفد کے ہمراہ ہیں۔وفد کانفرنس کے مختلف اجلاسوں میں شرکت کے علاوہ دیگر ممالک کے پارلیمانی نمائندگان سے ملاقاتوں اور تجربات کے تبادلے میں بھی شریک ہوگا۔سندھ اسمبلی کے وفد کی 69ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں شرکت سے پارلیمانی سفارتکاری، جمہوری اقدار کے استحکام اور قانون سازی و پارلیمانی طریقہ کار کے حوالے سے مختلف ممالک کے تجربات سے استفادہ کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ نمبر 10

نظرثانی درخواست دائر کردی۔عدالت میں دائر کی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ میر رضا کے قتل کے معاملے کی مکمل حقیقت سامنے لانے کیلئے موجودہ تفتیش کا ازسرنو اور غیر جانبدارانہ جائزہ ضروری ہے۔درخواست گزاروں کے مطابق کیس کی تفتیش کے دوران پولیس کی جانب سے بعض اہم پہلوؤں کو نظر انداز کیا گیا ہے جبکہ معاملے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دی جائے۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ کیس سے متعلق دستیاب ریکارڈ اور شواہد کا دوبارہ جائزہ لینے کی ضرورت ہے، تاہم بعض اہم نکات عدالتی فیصلے میں نظر انداز ہوگئے ہیں۔درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا کہ انصاف کے تقاضے پورے کرنے کیلئے میر رضا کے قتل کے اصل محرکات اور واقعے کی مکمل حقیقت سامنے آنا ضروری ہے۔مقتول کے والدین کی جانب سے دائر نظرثانی درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ کیس کے موجودہ ریکارڈ کا دوبارہ جائزہ لیا جائے اور ان نکات کو بھی مدنظر رکھا جائے جو پہلے عدالتی کارروائی کے دوران مکمل طور پر زیر غور نہیں آسکے۔عدالت سے یہ بھی استدعا کی گئی ہے کہ میر رضا کے قتل کے حقائق جاننے کیلئے کیس کی شفاف، غیر جانبدار اور قابل اعتماد تحقیقات یقینی بنائی جائیں۔درخواست گزاروں کے مطابق مختلف پہلوؤں کی مکمل چھان بین اور تمام دستیاب شواہد کا ازسرنو جائزہ لینے کیلئے نظرثانی ہونا بے حد ضروری ہے۔والدین کے وکلا نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ سندھ ہائیکورٹ اپنے سابقہ فیصلے پر نظرثانی کرے اور کیس کی تفتیش کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دینے کا حکم جاری کرے۔درخواست میں عدالت سے موجودہ تفتیشی ریکارڈ کا بھی تفصیلی جائزہ لینے کی درخواست کی گئی ہے۔درخواست گزاروں نے کہا کہ ان کا بنیادی مقصد میر رضا کے قتل کی اصل حقیقت تک پہنچنا اور شفاف تحقیقات کو یقینی بنانا ہے، اس لیے کیس کی مزید تحقیقات ایسے طریقے سے کرائی جائے جس سے تمام متعلقہ شواہد اور حقائق سامنے آسکیں۔

بقیہ نمبر 11

واضح تحفظات یا سرکاری رسید فراہم نہیں کی جاتی۔شہریوں کے مطابق بیرون ملک سفر کی تیاری کے دوران جب وہ نادرا سہولت سینٹرز سے متعلقہ سہولت حاصل کرنے کے لیے پہنچتے ہیں تو انہیں مختلف مدات میں اضافی فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔بعض زائرین نے الزام عائد کیا کہ مقررہ سرکاری فیس کے علاوہ ان سے مختلف ناموں پر رقم وصول کی جا رہی ہے جس کے باعث عمرہ زائرین خصوصاً بزرگ شہریوں اور خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔دستیاب معلومات کے مطابق پاک آئی ڈی ایپ کی تحت انفلوئنزا ویکسینیشن کی فیس 1,720 روپے جبکہ کاؤنٹر پر تقریباً 2785 سے 4505 روپے تک وصول کیے جانے کی شکایات ہیں، جبکہ نادرا سہولت سینٹرز میں یہ 7 ہزار روپے تک بتائی جاتی ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ حکام فوری طور پر معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے نادرا سہولت سینٹرز پر وصول کی جانے والی فیس اور خدمات کی سرکاری فیس کا واضح طور پر آویزاں کریں تاکہ شہریوں کو معلوم ہو سکے کہ انہیں کس مد میں کتنی رقم ادا کرنی ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر ہر ادائیگی کی باقاعدہ سرکاری رسید فراہم کی جائے اور اگر کسی اضافی سروس یا سہولت کی فیس وصول کی جائے تو اس کی تفصیلات بھی واضح کی جائیں۔ان کا مطالبہ ہے کہ زائد فیس وصولی کی شکایات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔عمرہ زائرین نے حکام سے اپیل کی کہ حج و عمرہ سیزن کے دوران شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فیسوں اور خدمات کے نظام کی مؤثر نگرانی کی جائے اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے باقاعدہ طریقہ کار وضع کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12

ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب ملک کا سب سے زیادہ ووٹرز رکھنے والا صوبہ ہے، جہاں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 75 لاکھ 71 ہزار 216 ہوگئی ہے۔ 2 جولائی کے بعد پنجاب میں 94 ہزار 582 نئے ووٹرز کا اندراج کیا گیا۔خیبر پختونخوا میں ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 34 لاکھ 92 ہزار 258 ہوگئی جبکہ 2 جولائی کے بعد صوبے میں 85 ہزار 309 نئے ووٹرز کا اندراج ہوا۔سندھ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 87 لاکھ 41 ہزار 92 تک پہنچ گئی جبکہ 2 جولائی کے بعد اس عرصے کے دوران 65 ہزار 345 نئے ووٹرز کا اضافہ ہوا۔اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 58 لاکھ 154 ہوگئی ہے، جہاں 2 جولائی کے بعد 37 ہزار 372 نئے ووٹرز کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 13

بیان دیتے ہوئے ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ میر رضا کے جسم پر موجود زخموں اور پوسٹ مارٹم کے حوالے سے متعدد اہم نکات سامنے آئے ہیں۔ان کے مطابق میر رضا کے سر کی ہڈی ٹوٹی ہوئی تھی، جبکہ کئی دیگر ہڈیوں کو بھی نقصان پہنچا تھا۔اس کے علاوہ جسم کے مختلف حصوں پر زخموں کے نشانات بھی موجود تھے۔ڈاکٹر سمعیہ کے مطابق میر رضا کی پسلیاں بھی ٹوٹی ہوئی تھیں جبکہ پیٹ پر بھی ضرب کے نشانات پائے گئے۔انہوں نے بتایا کہ کسی بھی پوسٹ مارٹم میں اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ زخم کس نوعیت کے تھے اور موت کی وجہ کیا تھی۔ان کے مطابق بعض زخموں کی نوعیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں شدید جسمانی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہوگا۔ڈاکٹر سمعیہ کے مطابق گولی کے زخم اور انٹری اور ایگزٹ کے نشانات بھی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں درج کیے گئے، جبکہ انہوں نے کہا کہ گولی کے زخم کی نوعیت کو بھی رپورٹ میں شامل کیا گیا ہے۔قبر کشائی اور دوبارہ پوسٹ مارٹم کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ قبر کشائی کی سفارش کیوں کی گئی۔پولیس سرجن نے بتایا کہ انہوں نے 3 اگست کو خط لکھ کر قبر کشائی کی سفارش کی تھی اور قبر کشائی کی سفارش کی وجہ 5 اگست کو پولیس کے سامنے آنے والی مزید معلومات تھیں۔عدالت نے سوال کیا کہ قبر کشائی کے بعد ہونے والے پوسٹ مارٹم اور میڈیکل بورڈ کی تشکیل کے طریقہ کار سے متعلق سوال پر ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ عدالت کی جانب سے سیکرٹری صحت کو ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ

سروسز کو میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کی ہدایت جاری کی جا سکتی ہے، جبکہ عدالت براہ راست پولیس سرجن کو بھی ہدایات دے سکتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ پوسٹ مارٹم کے دوران حاصل ہونے والی معلومات شامل کی گئیں جن میں میڈیکل بورڈ کے تمام ارکان متفق تھے۔ان کے مطابق میر رضا کے پوسٹ مارٹم کی حتمی رپورٹ بورڈ کے تمام ارکان کے متفقہ موجود تھے۔جوڈیشل کمیشن نے استفسار کیا کہ میڈیکل بورڈ اچانک کیوں تبدیل کیا گیا، جس پر ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ سیکرٹری صحت نے پرانے میڈیکل بورڈ سے علیحدہ ہو گیا تھا۔ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ بورڈ کی تبدیلی کی وجوہات کا علم نہیں، تاہم ڈپٹی سیکرٹری صحت کی جانب سے انہیں زبانی ہدایت دی گئی کہ وہ میڈیکل بورڈ میں ڈپٹی سیکرٹری کا نام شامل کریں۔ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ جوڈیشل مجسٹریٹ کے حکم پر پہلے قبر کشائی اور میڈیکل بورڈ کے رکن کے طور پر شامل ہوئے۔قبر کشائی کے حوالے سے سوال کے بارے میں پولیس سرجن نے کمیشن کو بتایا کہ 8 اگست کو ہونے والی قبر کشائی کے دوران وہ خود موجود تھیں۔ان کے مطابق میر رضا کی لاش کافی حد تک ڈی کمپوز ہو چکی تھی، تاہم جسم کی ہڈیوں کا مکمل ایکسرے کیا گیا تھا۔انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر سعیدہ کی سربراہی میں ایک ریڈیالوجسٹ کی ٹیم کو بھی شامل کیا گیا تھا، جبکہ دیگر مختلف طبی ماہرین بھی موجود تھے۔پولیس سرجن نے بتایا کہ میر رضا کے جسم پر تیزاب کے نشانات ہونے کے شواہد ملے ہیں، اس حوالے سے کیمیکل ایگزامینر اور ہسٹوپیتھالوجی کی رپورٹ میں اس کی تصدیق ہوئی تھی۔ان کے مطابق لاش کے مختلف حصوں میں کیمیکل کے اثرات پائے گئے، جبکہ چہرے پر بھی تیزاب کے اثرات موجود تھے۔انہوں نے بتایا کہ میر رضا کے چہرے پر بھی مکمل نقش کو نقصان پہنچا تھا۔تاہم ان کے مطابق گولی کے زخم ہونے کے واضح شواہد سامنے آئے ہیں جو میر رضا کی موت کی ایک وجہ تھی۔پولیس سرجن نے بتایا کہ ان کے مطابق 10 اگست کو ہونے والی ہسٹوپیتھالوجی رپورٹ میں ابتدائی نتائج کی بنیاد پر جوڈیشل مجسٹریٹ کو آگاہ کیا گیا تھا۔پولیس سرجن نے مزید بتایا کہ میر رضا کے جسم کی تصاویر بھی لی گئی تھیں، جبکہ زخموں کی نوعیت کو تفصیل سے رپورٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ڈاکٹر سمعیہ نے بتایا کہ میر رضا کے جسم پر موجود زخموں اور ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ کی تفصیلات بھی رپورٹ میں درج ہیں۔جوڈیشل کمیشن نے پولیس سرجن کے بیان کا ریکارڈ حاصل کیا۔معلومات، شواہد، ابتدائی پوسٹ مارٹم میں درج معلومات، پوسٹ مارٹم رپورٹ اور کیمیکل معائنے سے متعلق نکات کو جوڈیشل کمیشن کے سامنے ریکارڈ کا حصہ بنایا گیا۔جوڈیشل کمیشن کی جانب سے مختلف پہلوؤں پر سوالات کیے گئے۔پولیس سرجن نے کمیشن کو بتایا کہ انہوں نے ابتدائی پوسٹ مارٹم اور بعد کی قبر کشائی کے بعد ہونے والے معائنے سے متعلق متعدد امور کی وضاحت کی۔کمیشن کی مزید کارروائی میں ان شواہد اور بیانات کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

مطابق گزشتہ چند روز کے دوران کراچی میں انفلوئنزا کے مریضوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور سرکاری و نجی اسپتالوں میں بھی کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ نجی اسپتالوں میں انفلوئنزا ویکسین کی شدید قلت دیکھنے میں آئی ہے، تاہم رواں سال تمام ویکسین دستیاب نہیں ہوسکی، جس کے باعث ہر سال باقاعدگی سے ویکسین لگوانے والے افراد اس کے منتظر ہیں۔ڈاکٹر جاوید خان کے مطابق کراچی میں ہر ہفتے تقریباً 3 سے 4 کیسز سامنے آ رہے ہیں اور ہر مریض عموماً کچھ دنوں بعد صحت یاب ہو جاتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ کورونا کے مقابلے میں انفلوئنزا کے مریض 2 سے 3 دن میں صحت یاب ہو جاتے ہیں اور اس وقت شہر میں کورونا کی شدت باضابطہ طور پر موجود نہیں ہے۔ماہرین صحت نے شہریوں کو انفلوئنزا اور کورونا سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بخار، کھانسی، گلے میں خراش اور جسم میں درد جیسی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔ماسک کا استعمال کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہاتھوں کو باقاعدگی سے صابن سے دھوئیں، غیر ضروری طور پر ہجوم والی جگہوں پر جانے سے گریز کریں اور غیر ضروری اجتماعات میں جانے سے اجتناب کریں تاکہ بیماری کے پھیلاؤ کو محدود کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 15

